مطبوعات

ساتھی کے نام | تالیف جناب اسعد گیلانی صاحب ۔شائع کردہ : ادارہ ادبِ اسلامی ، سرگودھا۔ قیمت تین روپے ۔صفحات ۱۶۳ ۔

اس کتاب کے فاضل مصنّف جناب اسعد گیلانی صاحب ایک صاحبِ دل ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ اقامتِ دین کی جدوجہد میں عملاً بھی کئی سال سے شریک چلے آرہے ہیں۔ یہ خطوط انہوں نے اپنے رفقاءِ سفر کو اُن کی مختلف مقامات اور منازل پر رہنمائی کے لیے لکھے ہیں۔ ان خطوط میں ادبیت کی چاشنی کے ساتھ ساتھ عملی دشواریوں کا کامیابی سے مقابلہ کرنے کا داعیہ بھی پایا جاتا ہے۔

سیرت الاخوین | تالیف : جناب خالد گرجاکھی ۔شائع کردہ مکتبۂ نور گرجاکھ ، ضلع گوجرانوالہ ۔قیمت فی جلد ۵ روپے ۔ملنے کا پتہ : سکول بک ڈپو گوجرانوالہ۔

یہ کتاب دو حصّوں پر مشتمل ہے ۔پہلے حصّے میں حضرت عثمان ذوالنورین اور دوسرے حصّے میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی سیرت بیان کی گئی ہے ۔اس کتاب کی تصنیف میں مصنّف نے اس بات کی صراحت کی ہے کہ ملّت کی ان دو بزرگ و برتر ہستیوں کے مابین نزاع کا جو تصور قائم ہو گیا ہے وہ بالکل غلط ہے ۔حضور سرورِ کائنات کے یہ دو جلیل القدر صحابی اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ کی تصویر تھے۔

اسلام کا نظامِ محاصل ترجمہ : کتاب الخراج | تالیف : قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ ۔ترجمہ : جناب محمد نجات اللہ صدیقی ۔ناشر : مکتبہ چراغِ راہ ، کراچی ۔سول ایجنٹ : اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ ۔۱۳۔ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور